حکومتِ پاکستان

ریونیو ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

ان لینڈ ریونیو

نوٹیفکیشن

اسلام آباد، 30 جولائی 2026

**SRO 1226(1)/2026** ۔ان لینڈ ریونیو ریوارڈ قواعد، 2021 میں مزید بعض ترامیم کا درج ذیل مسودہ، جسے فیڈرل بورڈ آف ریونیو، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (XLIX of 2001) کی دفعہ 227 A اور 227B، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی دفعات 72 C اور 72D، فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کی دفعات 42 C اور 42D، اور اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (ٹیکس آن سروسز) آرڈیننس 2001 (XLII of 2001) کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے نافذ کرنے کی تجویز رکھتا ہے، اس کے ذریعے اُن تمام اشخاص کی اطلاع کے لیے شائع کیا جاتا ہے جو اس سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

مزید برآں، مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (3) کے مطابق یہ نوٹس دیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو ان مجوزہ ترامیم پر کوئی اعتراض یا تجویز ہو تو وہ ان ترامیم کی سرکاری گزٹ میں اشاعت کے سات دن کے اندر بورڈ کے غور وخوض کے لیے ارسال کی جاسکتی ہے۔

مذکورہ مدت کے اختتام سے قبل موصول ہونے والے تمام اعتراضات یا تجاویز کو بورڈ زیرِ غور لائے گا، یعنی:

**مجوزہ ترامیم**

مذکورہ قواعد کے قاعدہ 8 میں:

(a) عبارت "5%" کی جگہ عبارت "2%" درج کی جائے گی؛

(b) الفاظ "**قاعدہ 5** " کی جگہ الفاظ "**یہ قواعد**" درج کیے جائیں گے؛ اور

(c) عبارت "2.5%" کی جگہ عبارت "1%" درج کی جائے گی۔

**[F.No.4(44)R&S/2016-Part file]**

(محمد امین قریشی)

سیکریٹری (قواعد اینڈ ایس آر اوز)